VACCINATE VIRGINIA

# اپنے بچے کو کووڈ-19 کے ساتھ جنگ کرنے کی طاقت دیں۔

## اب 5 تا 11 سال عمر کے بچے کووڈ-19 چلڈرنز ویکسین لگوانے کے لیے اہل ہیں۔

**فائزر بائیو این ٹیک (5-11 سال) کووڈ-19 ویکسین اب 5 تا 11 سال عمر کے بچوں کو لگانے کے لیے منظور شدہ ہے۔** بچوں کو انفیکشن سے بچانے کے حوالے سے یہ ویکسین محفوظ اور مؤثر ہے۔ اس کو کلینیکل ٹرائلز میں ٹیسٹ اور اسٹڈی کیا گیا ہے — بالکل بالغان کی ویکسینوں کی طرح۔ کووڈ-19 کے خلاف مکمل طور پر تحفظ یافتہ ہونے کے لیے آپ کے بچے کو 21 تا 42 دن کے وقفے سے دو خوراکیں لگانے کی ضرورت ہو گی۔ مکمل ویکسین یافتہ ہونے سے بچے شدید بیماری اور دیگر کئی مسائل سے بچ جاتے ہیں۔ وہ قرنطینہ کیے بغیر بلا تعطل تعلیمی سال میں واپس جا سکتے ہیں، کھیلوں میں حصہ لے سکتے ہیں، غیر نصابی سرگرمیوں میں شرکت کر سکتے ہیں، اپنے دوستوں کو دیکھ سکتے ہیں، سفر کر سکتے ہیں اور مزید بہت کچھ کر سکتے ہیں۔

### س بچوں کو ویکسین کہاں پر لگائی جاتی ہے؟

کمیونٹی ویکسینیشن مراکز، خاندانی صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے، ماہر اطفال کے کلینکس، اسکولوں میں موجود کلینکس اور ریٹیل فارمیسیاں، یہ سب کووڈ-19 کی مفت ویکسین لگانے کی پیشکش کرتے ہیں۔ ملاحظہ کریں **vaccinate.virginia.gov** یا کال کریں **(VAX-IN-VA (877-829-4682 (877)** اور اپنے قریب موجود کوئی مقام تلاش کریں۔ بذریعہ فون کسٹمر سروس پیر تا جمعہ صبح 8 تا شام 6 بجے تک دستیاب ہو گی۔ ایسٹرن ٹائم۔ والدین، کیئر فراہم کنندگان اور خاندان کے اراکین بھی اپوائنٹمنٹ کا وقت تلاش کرنے کے لیے اپنے بچوں کی صحت کی دیکھ بھال کے فراہم کنندگان سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### س بچوں کو کووڈ-19 کی ویکسین کب لگائی جا سکتی ہے؟

ابھی سے آغاز کریں! 5-11 سال عمر کے بچوں کے لیے FDA نے ویکسین لگانے کی منظور دے دی ہے اور CDC اس کی سفارش کرتی ہے۔ تاہم، ویکسین کی دستیابی ہر مقام کے لحاظ سے مختلف ہو سکتی ہے، جو اس بات پر اثر انداز ہو سکتی ہے کہ بچے اپنی پہلی شاٹ کتنی جلدی لگوا سکتے ہیں۔ 5 سے 11 سال کے بچوں کے والدین، نگہداشت کنندگان اور خاندان کے اراکین کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے یا کسی فارمیسی یا ویکسینیشن کلینک سے اپوائنٹمنٹ کا وقت طے کریں، جو فائزر بائیو این ٹیک (عمر 5-11) کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے ویکسین لگانے کی پیشکش کرتے ہیں۔

### س کیا 12 سال یا اس سے زائدلعمر افراد کی ویکسین بچوں کی ویکسین سے مختلف ہوتی ہے؟

بچوں کی ویکسین خاص طور پر بچوں کے لیے بنائی گئی ہے اور یہ 12 سال سے زیادہ عمر کے بچوں کو لگائی جانے والی ویکسین کے لحاظ سے کم خوراک پر دی جاتی ہے۔ 5-11 سال عمر کے بچوں کی ویکسین بالغان کی ویکسین کی خوراک کے صرف تیسرے حصے کے برابر ہوتی ہے۔ یہ بات اہم ہے کہ 5-11 سال عمر کے بچے اپنی کووڈ-19 کی وہی ویکسین لگوائیں جو ان کی عمر کے لیے منظور شدہ ہے۔

### س بچوں کے لیے کووڈ-19 کے کم خطرے کے پیش نظر، کیوں نہ اپنے بچے کو ویکسین لگانے کا انتظار کریں؟

کووڈ-19 سے بچوں کے شدید بیمار ہونے کا خطرہ بڑوں کی نسبت کم ہے، لیکن یہ صفر کے برابر بھی نہیں ہے۔

امریکہ کی اکیڈمی آف پیڈیاٹرکس کے مطابق، موجودہ طور پر 4 بچوں میں سے 1 بچہ کووڈ-19 انفیکشن کا شکار ہے۔ کووڈ-19 کے شکار بچوں کے شدید بیمار ہونے، ہسپتال میں داخل ہونے یا بعض صورتوں میں موت واقع ہو جانے کا خطرہ بھی ہوتا ہے۔ بچوں میں طویل مدتی بیماری بھی پیدا ہو سکتی ہے جیسے بچوں کا ملٹی سسٹم انفلیمیٹری سنڈروم (MIS-C) یا "لانگ کووڈ" کہا جاتا ہے۔

بچوں کا مکمل طور پر ویکسین شدہ ہونے سے، انہیں شدید طور پر بیمار ہو جانے یا طویل مدتی پیچیدگیوں سے بچانے میں مدد دیتا ہے۔ ویکسین لگوانے سے ہماری فیملیز، اسکولوں اور ہماری کمیونٹیز میں انفیکشن میں کمی لانے میں مدد سکتی ہے۔

## س اگر میرے بچے کو پہلے ہی کووڈ-19 کی انفیکشن ہو گئی ہو، تو کیا پھر بھی اسے ویکسین لگوانے کی ضرورت ہو گی؟

ہاں۔ اگر آپ کے بچے کو پہلے انفیکشن ہو گئی ہو، تو ویکسین لگوانے سے اسے پھر بھی فائدہ پہنچے گا۔ قدرتی قوت مدافعت کے مقابلے میں جو پچھلی انفیکشن کے نتیجے میں ہوتی ہے، ویکسین لگوانے سے وائرس اور اس کے ممکنہ طویل مدتی مضر اثرات کے خلاف مضبوط اور وسیع تحفظ حاصل ہوتا ہے۔

## س ویکسین لگوانے کے بعد، بچوں میں آپ طور پر کون سے ضمنی اثرات ہوتے ہیں؟

ٹیکہ لگنے کے بعد 5 سے 11 بچوں میں سامنے آنے والے عام ضمنی اثرات، نوعمروں اور نوجوان بالغوں میں دیکھے جانے والے اثرات کی طرح کے ہی ہوتے ہیں۔

بچوں کے بازو پر جہاں ٹیکہ لگتا ہے، وہاں پر درج ذیل مسائل ہو سکتے ہیں:

- **درد یا کھینچاؤ**
- **سرخی**
- **سوجن**

ان کو درج ذیل کا تجربہ بھی ہو سکتا ہے:

- **تھکاوٹ**
- **سر درد**
- **جسمانی درد یا پٹھوں کے درد**
- **ٹھنڈ لگنا**
- **بخار**
- **متلی یا پیچش**
- **لمفاوی نوڈز کی سوجن**

ضمنی اثرات کا مطلب ہے کہ ٹیکہ کام کر رہا ہے یہ جسم کے مدافعتی نظام کو وائرس سے لڑنے کے لیے اینٹی باڈیز بنانے پر مجبور کر رہا ہوتا ہے تاکہ مستقبل میں سامنا ہو جائے تو اس کا مقابلہ کیا جا سکے۔ ضمنی اثرات عام طور پر درمیانے ہوتے ہیں اور چند دن میں خودبخود ختم ہو جاتے ہیں۔

## س کیا کووڈ-19 کی ویکسین میرے بچے کی بڑھوتری یا افزائش کو متاثر کر سکتی ہے؟

نہیں۔ یہ یقین کرنے کی کوئی وجہ موجود نہیں ہے کہ امریکہ میں دستیاب کووڈ-19 ویکسین آپ کے بچے کی بڑھوتری یا نشوونما کو متاثر کرے گی، بشمول بلوغت، دماغ کی نشوونما یا زرخیزی پر بھی کسی قسم کے کوئی اثرات مرتب نہیں ہوں گے۔

## س اگر میرے بچے میں کووڈ-19 ویکسین کے عمومی ردعمل سامنے آ جائیں، تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

کاؤنٹر سے بغیر نسخے کے بغیر اسپرین کی درد سے نجات دلانے والی ادویات، جیسے ایسیٹامینوفین یا آئیبوپروفین، زیادہ تر ضمنی اثرات کو کم کرنے میں مدد فراہم کر سکتی ہیں۔ یہ ادویات بچے کو ٹیکہ لگنے کے — بعد دی جانی چاہیں — نہ کہ پہلے دی جائیں۔ یہ ادویات دینے سے پہلے، براہ کرم اپنے بچے کے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر سے مشورہ کریں۔

درج ذیل صورتوں میں ہیلتھ کیئر پرووائیڈر سے رابطہ کریں:

- **جہاں آپ کے بچے کو ٹیکہ لگا ہو، وہاں پر 24 گھنٹوں کے بعد سرخی یا کھینچاؤ میں اضافہ ہو جانا۔**
- **ضمنی اثرات شدید ہوں اور چند دنوں سے زیادہ ہو جائیں۔**

اپنے بچے کا وی سیف (v-safe)، سینٹرز فار ڈِزایز کنٹرول اینڈ پریوینشنز کے ساتھ، **vsafe.cdc.gov** پر ویکسینیشن ہیلتھ چیکر کے بعد، اندراج کرنا نہ بھولیں۔ آپ CDC کو ویکسینیشن کے ضمنی اثرات کے بارے میں اطلاع دے سکتے ہیں اور جب دوسری خوراک لگوانے کا وقت ہو، تو یاددہانی بھی حاصل کرسکتے ہیں۔

اپنے قریب موجود بچوں کا ویکسین لگوانے کا مقام تلاش کرنے کے لیے **vaccinate.virginia.gov** پر جائیں، یا مزید معلومات کے لیے **877-829-4682** پر کال کریں۔ 5-11 سال کے بچوں کو ویکسینوں کے حوالے سے CDC کی رہنماء ہدایات کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے **CDC.gov** ملاحظہ کریں۔

VDH VIRGINIA DEPARTMENT OF HEALTH